

## سن رائزرز نے امبریش کو شامل کیا

ایس آر ایچ نے آئی پی ایل کے بقیہ میچوں کے لیے شیوم ماوی کے متبادل کے طور پر آر ایس امبریش کو ٹیم میں شامل کرنے کا اعلان کیا ہے۔ شیوم ماوی، کولہے کی چوٹ کے باعث رواں سیزن سے باہر ہو گئے ہیں۔ آر ایس امبریش آئی سی سی انڈر-۱۹ ورلڈ کپ ۲۰۲۶ جیتنے والی ہندوستانی ٹیم کا اہم حصہ تھے۔ (تفصیلات اندر)

58th Year

# سرینگر ٹائمز

بانی صوفی غلام محمد

## کلارک سرجری کا انکشاف کیا

مائیکل کلارک نے اسکن کینسر آگاہی کے مہینے کے آغاز پر عوام کو بروقت جانچ کرانے کی تلقین کی ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری اپنے پیغام میں مائیکل کلارک نے کہا کہ اسکن کینسر کی جانچ کے لیے اس سے بہتر وقت نہیں ہو سکتا اور ہر فرد کو اپنی صحت کے حوالے سے سنجیدہ رویہ اختیار کرنا چاہیے۔ انہوں نے بتایا۔ (تفصیلات اندر)




www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 58 • No. 120 | صفحات: 08 | ۲ مئی ۲۰۲۶ بروز سنیچروار بمطابق ۱۴ ذوالقعدۃ ۱۴۴۷ | Saturday 02nd May 2026 | جلد نمبر 58


# کمرشل رسوئی گیس سلنڈر کی قیمت میں بھاری اضافہ کا اعلان

## دہلی میں 19 کلوگرام گیس کا کمرشل سلنڈر 993 روپے مہنگا ہو گیا ہے

نئی دہلی/ یواین آئی/ مغربی ایشیا کے بحران کے گہرے ہوتے اثرات کے درمیان ملک میں سرکاری تیل مارکیٹنگ کمپنیوں نے کمرشل رسوئی گیس (ایل پی جی) سلنڈر کی قیمتوں میں بھاری اضافے کا اعلان کیا ہے۔ دہلی میں 19 کلوگرام گیس کا کمرشل سلنڈر 993 روپے مہنگا ہو گیا ہے۔ ہوٹلوں اور ریستورانوں میں عام طور پر استعمال ہونے والے کمرشل ایل پی جی سلنڈر کی قیمت میں ایک ہی جھٹکے میں 993 روپے کا اضافہ ایک ریکارڈ ہے۔ مقامی ٹیکسوں کو ملا کر دہلی میں اس کی قیمت اب 2,078.50 روپے سے بڑھ کر 3,071.50 روپے ہو گئی ہے۔ گزشتہ 28 فروری کو مغربی ایشیا کا بحران شروع ہونے کے بعد سے اب تک کمرشل رسوئی گیس سلنڈر کے دام میں یہ چوتھا اضافہ ہے۔ اس سے پہلے، یکم اپریل کو 195.50 روپے، 7 مارچ کو 114.50 روپے اور یکم مارچ کو 28 روپے فی سلنڈر کا اضافہ ہوا تھا۔




# مرکزی پے کمیشن کا یکم جون سے 4 جون تک سرینگر میں قیام

## 16 مئی تک یاداشت جمع کرانے اور ملاقات کیلئے درخواستیں دینے کی ہدایت

سرینگر/ اے پی آئی/ 8واں مرکزی پے کمیشن یکم جون سے 4 جون تک جموں و کشمیر کا دورہ کریگا جس کے دوران اداروں اور یونٹیز کو 16 مئی تک یاداشت جمع کرانے اور ملاقات کیلئے درخواستیں دینے کی ہدایت کی گئی۔ 8واں مرکزی پے کمیشن یکم جون سے 4 جون 2026 تک جموں و کشمیر کا دورہ کرے گا۔ اس دوران وہ تنخواہوں کے ڈھانچے، الاونسز سے متعلق مختلف متعلقہ فریقین کے ساتھ بات چیت کرے گا۔ سرکاری نوٹیفکیشن کے مطابق مرکزی اور یوٹی حکومت کے ادارے تنظیمی اور یونینز کمیشن سے ملاقات کرنا چاہتے ہیں انہیں پہلے اپنی یاداشت کمیشن کی سرکاری ویب سائٹ پر جمع کرانی ہوگی۔ اس کے بعد نمائندوں فراہم کردہ منفرد میمو آئی ڈی کے ذریعے نیشنل انفارمیٹکس سینٹرز کے مخصوص فارم کے ذریعے 16 مئی 2026 تک ملاقات کیلئے درخواست دینا ہوگی۔

# گجرات اور مہاراشٹر ملک کی ترقی کے اِنجن ہیں/ لیفٹیننٹ گورنر

## لوک بھون جموں وکشمیر میں گجرات اور مہاراشٹر کا "یوم تاسیس" جوش وجذبہ کے ساتھ منایا گیا

جموں/ لوک بھون جموں وکشمیر میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سِنہا کی موجودگی میں گجرات اور مہاراشٹر کا یوم تاسیس بڑے جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا۔ اِس موقعہ پر لیفٹیننٹ گورنر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گجرات اور مہاراشٹر ملک کے اہم ترقیاتی مراکز ہیں اور ملک کی جی ڈی پی اور برآمدات میں زبردست حصہ داری کے ساتھ ساتھ ان کی سماجی، ثقافتی اور روحانی روایات بھی بے مثال ہیں۔



اُنہوں نے کہا کہ گجرات کی سرزمین کاروباری جذبے، سادگی اور خلوص کے لئے جانی جاتی ہے جبکہ مہاراشٹر اپنی صنعت، بہادری اور روحانی عبقریت کی وجہ سے عالمی سطح پر پہچان رکھتا ہے۔ ان کے مطابق یہ دونوں ریاستیں ہندوستان کی ترقی کی رفتار کو آگے بڑھانے میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہیں۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ گجرات کی تاریخ عظیم شخصیات سے بھری پڑی ہے جنہوں نے ملک کا نام روشن کیا۔ قابل احترام مہاتما گاندھی، سردار ولبھ بھائی پٹیل اور وزیراعظم نریندر مودی نے اپنی ثابت قدمی، بے لوث خدمت اور خوداعتمادی کے ذریعے ہندوستان کی تقدیر بدل دی۔ اُنہوں نے کہا کہ مہاتما گاندھی نے قوم کو سچائی، عدم تشدد، ایثار، محبت اور رواداری کا فلسفہ دیا اور تحریکِ آزادی کو عوامی تحریک میں بدل دیا۔ ان کی زندگی ہمیں ہر مشکل میں اَپنے اصولوں پر ثابت قدم رہنے کی ترغیب دیتی ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ دُنیا کی سب سے بڑی جمہوریت کے طور پر ہندوستان کا فخر سردار پٹیل کے ویژن اور نظریات میں گہرائی سے پیوستہ ہے۔ جنہوں نے "ایک بھارت، شریشٹھ بھارت" کے تصور کو مضبوط بنیاد فراہم کی۔ اُنہوں نے کہا کہ اپنی روایات، ثقافتوں اور ورثے کو ترقی کے دھارے میں پرونے سے جو طاقت ملتی ہے وہ سردار پٹیل کے عزم راسخ اور دیرپا میراث کا عملی عکس ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ مہاراشٹرا/ 1

# 2019ء کے بعد لداخ میں غیر معمولی ترقی/ امیت شاہ

## اہل لداخ یونین ٹیریٹری کا مطالبہ کر رہے تھے، کیونکہ خطے میں ترقی نہ ہونے کے برابر تھی

سرینگر/ یو پی آئی/ مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ نے جمعہ کے روز کہا کہ 2019 میں سابق ریاست جموں وکشمیر کی تنظیم نو کے بعد لداخ نے غیر معمولی ترقی کی ہے اور آج یہ خطہ سیاسی، سماجی اور اقتصادی سطح پر تیز ترین تبدیلی کی مثال بن چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ لداخ گزشتہ کئی برسوں سے وزیراعظم نریندر مودی کی ترقیاتی پالیسیوں کا مرکزی محور رہا ہے۔ شاہ نے اپنے خطاب میں کہا کہ لداخ کے عوام طویل عرصے سے یونین ٹیریٹری کا مطالبہ کر رہے تھے، کیونکہ خطے میں ترقی نہ ہونے کے برابر تھی۔ "اب میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ 2019 میں یونین ٹیریٹری بننے کے بعد یہاں کیا کچھ بدلا ہے۔" انہوں نے کہا کہ لداخ میں سات اضلاع اور 193 پنچایتیں قائم ہو چکی ہیں، جب کہ پانچ نئے اضلاع — شام، نوبرا، چانگتھنگ، زنسکار اور دراس — کے نوٹیفکیشن بھی جاری کیے جا چکے ہیں۔ اسی کے ساتھ لداخ کی مقامی زبانوں کو بھی سرکاری سطح پر تسلیم کیا گیا ہے۔ "پہلے صرف ہندی اور انگریزی استعمال ہوتی تھیں، لیکن اب بھوٹی، پرگی اور اردو کو بھی باقاعدہ شناخت دی گئی ہے۔" مرکزی وزیر داخلہ نے بتایا کہ 2019 سے پہلے لداخ میں سڑکوں کی کل لمبائی 1,799 کلومیٹر تھی جو اب بڑھ کر 4,040 کلومیٹر ہو گئی ہے۔ "ہم نے سڑکوں کے تعمیراتی کام تقریباً دوگنا کر دیے ہیں۔" انہوں نے کہا کہ پلوں کی تعداد 19 سے بڑھ کر 72 ہو گئی ہے، موبائل ٹاورز 344 سے 653 تک پہنچ چکے ہیں، جب کہ ہیلی پیڈز کی تعداد بھی 7 سے بڑھ کر 41 تک ہو گئی ہے۔ برف ہٹانے والی مشینوں کی تعداد 60 سے بڑھ کر 215 ہو جانا بھی لداخ جیسے خطے کے لیے بڑا قدم قرار دیا گیا۔ توانائی کے شعبے میں ڈسٹری بیوشن ٹرانسفارمرز 1,182 سے بڑھ کر 3,153 ہو چکے ہیں، جب کہ گرڈ سے متعلق منصوبوں کی تعداد بھی نمایاں طور پر بڑھی ہے۔ شاہ نے بتایا کہ/ 2








# وزیراعظم نریندر مودی کی بدھ پورنیما کی مبارک باد



نئی دہلی/ یواین آئی/ وزیر اعظم نریندر مودی نے جمعہ کو بدھ پورنیما کے موقع پر ملک کو مبارکباد دیتے ہوئے گوتم بدھ کی تعلیمات کی پائیدار اہمیت اور معاشرے میں ہم آہنگی کو فروغ دینے میں ان کے رول پر زور دیا۔ ایکس پر پوسٹ کیے گئے ایک پیغام میں وزیراعظم نے کہا کہ بدھ پورنیما پر نیک خواہشات۔ بھگوان بدھ کے نظریات کو عملی جامہ پہنانے کے لیے ہمارا عزم بہت مضبوط ہے۔ ان کے خیالات ہمارے/ 6

# اگر SIR نے بنگال انتخابات پر اثر ڈالا تو یہ خطرناک مثال ہوگی/ عمر عبداللہ

## ہمیں ووٹر لسٹ سے نام حذف کیے جانے کی کوششوں سے خود کو بچانا ہوگا



سرینگر/ یو پی آئی/ جموں وکشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جمعہ کے روز کہا کہ مغربی بنگال اسمبلی انتخابات میں اگر (SIR) کا اثر نتائج پر پڑا تو یہ ملک کی جمہوریت کے لیے ایک "خطرناک نظیر" ثابت ہو سکتا ہے، جس سے تمام سیاسی جماعتوں کو خود کو محفوظ رکھنے کی ضرورت ہے۔ کلکتہ کے بھابانی پور میں جمعرات کی رات ای وی ایم اسٹرانگ روم کے باہر پیش آئے سیاسی تنازع پر ردعمل دیتے ہوئے عمر عبداللہ نے کہا کہ یہ وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی کا حق ہے کہ وہ ای وی ایمز کی حفاظت کے لیے اپنے کارکن تعینات کریں۔ انہوں نے کہا: "میں پہلے بھی کہہ چکا ہوں کہ پری پول رِگنگ قبول نہیں، اور پولنگ کے بعد ای وی ایم کی حفاظت ہماری/ 3

# لیفٹیننٹ جنرل بلبیر سنگھ نے اسٹریٹجک چنار کور کی کمان سنبھالی

## اس سے قبل جنرل سنگھ شمالی کمان میں میجر جنرل جنرل اسٹاف کے عہدے پر فائز تھے

سرینگر/ یواین آئی/ لیفٹیننٹ جنرل بل بیر سنگھ نے جمعہ کے روز سری نگر میں تعینات فوج کی اسٹریٹجک 15 ویں کور کی کمان سنبھال لی۔ انہوں نے لیفٹیننٹ جنرل پرشانت سریواستو کی جگہ لی، جنہوں نے اپنی مدت مکمل ہونے پر عہدہ چھوڑ دیا۔ کشمیر میں اپنی تعیناتی سے قبل لیفٹیننٹ جنرل سنگھ شمالی کمان میں میجر جنرل جنرل اسٹاف کے عہدے پر فائز تھے، اور ترقی کے بعد انہیں 15 کور، جسے چنار کور بھی کہا جاتا ہے، کا جنرل آفیسر کمانڈنگ مقرر کیا گیا ہے۔ سری نگر میں تعینات دفاعی ترجمان نے بتایا کہ لیفٹیننٹ جنرل پرشانت سریواستو نے 19 ماہ کی مثالی قیادت اور دور اندیش رہنمائی کے بعد کمان چھوڑ دی اور چنار کور کی ذمہ داری سونپ دی۔/ 4



# چنار پر چڑھتے ہوئے

## بجلی کے جھٹکے سے چیتے کی موت

سرینگر/ قاضی آباد کپواڑہ کے رزن علاقے میں چنار کے درخت پر بجلی کرنٹ لگنے سے تیندوئے کی موت واقع ہوئی۔ نمائندے نے بتایا کہ تیندوا چنار کے درخت پر چڑھ گیا تھا جب اس کا رابطہ علاقے سے گزرنے والی 11 ہزار وولٹ کی بجلی کی لائیو لائن سے ہوا۔ اس واقعے نے ان علاقوں میں ہائی وولٹیج بجلی کی لائنوں کی موجودگی پر تشویش پیدا کر دی ہے جہاں جنگلی حیات کی کثرت ہوتی ہے۔

# شوپیان میں پانچ روزہ تلاش کے بعد

## لاپتہ 4 سالہ بچے کی لاش برآمد

سرینگر/ یو پی آئی/ جنوبی کشمیر کے ضلع شوپیان میں نالہ رمبہ آرا میں ڈوب کر لاپتہ ہونے والے چار سالہ معصوم بچے کی لاش پانچ روز کی مسلسل تلاش کے بعد جمعہ کی صبح برآمد کر لی گئی، جس کے بعد پورے علاقے میں غم و اندوہ کی فضا پھیل گئی ہے۔ اطلاعات کے مطابق یہ بچہ، جو ضلع پلوامہ کا رہائشی تھا، رواں ہفتے کے اوائل میں اپنے اہلِ خانہ کے ساتھ مغل روڈ کے ڈبجن علاقے میں سیر کے دوران پھسل کر تیز بہاؤ والے نالہ رمبہ آرا میں جا گرا تھا۔ حادثے کے فوراً بعد جموں و کشمیر پولیس، ایس ڈی آر ایف، این ڈی آر ایف اور مقامی رضا کاروں پر مشتمل ایک بڑے ریسکیو آپریشن کا آغاز کیا گیا، جو پانچ روز تک بلاتوقف جاری رہا۔

# سٹیٹ ہڈ کے معاملہ پر کانگریس نے ہمارا ساتھ نہیں دیا/ ڈاکٹر فاروق

## اپوزیشن کو مشورہ کہ وہ صرف ایئر کنڈیشن دفاتر میں بیٹھ کر سیاست نہ کریں



سرینگر/ یو پی آئی/ نیشنل کانفرنس کے صدر اور سابق وزیر اعلیٰ جموں و کشمیر فاروق عبداللہ نے انڈیا بلاک، خصوصاً انڈین نیشنل کانگریس پر شدید ناراضگی ظاہر کرتے ہوئے کہا ہے کہ جموں و کشمیر کی ریاستی درجہ کی بحالی کے معاملے پر اتحاد نے "متوقع شدت اور مضبوطی" کے ساتھ ساتھ نہیں دیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ نیشنل کانفرنس اتحاد کا حصہ ضرور ہے مگر بلاک نے اپنی حقیقی صلاحیت کا مظاہرہ نہیں کیا۔ پی ٹی آئی کو دیے گئے ایک تفصیلی انٹرویو میں فاروق عبداللہ نے کہا کہ انڈیا بلاک کو صرف انتخابی اتحاد کے بجائے باضابطہ، مربوط اور فعال سیاسی پلیٹ فارم بننے کی ضرورت ہے، جو کشمیر کے اہم مسائل پر بھی کھل کر بات کرے۔ انہوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا: "ہمارا سب سے بڑا اعتراض یہی ہے کہ انڈیا بلاک نے ہمارے/ 5

